Australian Government
Services Australia

URDU

نئے آنے والے رہائشیوں کے لیے انتظار کے عرصے

اگر آپ حال ہی میں آسٹریلیا آئے ہیں تو آمدن میں مدد کے لیے اکثر ادائیگیاں اور اکثر فیملی پیمنٹس عام طور پر آپ کو کچھ عرصہ انتظار کے بعد ہی مل سکتی ہیں۔

انتظار کا عرصہ

چاہے آپ کے خاندان کا کوئی فرد یہاں رہتا ہو، پھر بھی آپ کے لیے انتظار کا عرصہ واجب ہو گا۔ اس انتظار کے عرصے میں وہ وقت نظر میں رکھا جائے گا جو آپ نے مستقل ویزے پر آسٹریلیا کے رہائشی کے طور پر گزارا ہو۔

اس انتظار کے عرصے میں آپ Workforce Australia یا Community Development Program کے ساتھ رجسٹر کر کے کام تلاش کرنے کے لیے مدد لے سکتے ہیں۔ آپ روزگار حاصل کرنے کے لیے ہمارے سروس سنٹروں میں اپنی مدد آپ کے طریقے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

انتظار کے عرصے سے استثنا

کچھ صورتوں میں Newly Arrived Resident’s Waiting Period واجب نہیں ہوتے۔ مثال کے طور پر، اگر
آپ Australia’s Humanitarian Programme کے تحت ریفیوجی (پناہ گزین) کے طور پر آئے ہوں۔

مزید معلومات کے لیے

- انگلش میں مزید معلومات کے لیے **servicesaustralia.gov.au/newresidentswaiting** دیکھیں
- **servicesaustralia.gov.au/yourlanguage** پر جائیں جہاں آپ اپنی زبان میں معلومات پڑھ اور سن سکتے ہیں یا معلوماتی وڈیوز دیکھ سکتے ہیں
- Centrelink کی ادائیگیوں اور خدمات کے لیے **131 202** پر کال کر کے اپنی زبان میں کسی سے بات کریں۔
- Medicare کے لیے **132 011** پر کال کریں اور ہمیں بتائیں کہ کیا آپ کو انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی ضرورت ہے۔ ہم آپ کے لیے مفت انٹرپریٹر کا انتظام کریں گے۔
- Child Support کے لیے **131 272** پر کال کریں اور ہمیں بتائیں کہ کیا آپ کو انٹرپریٹر کی ضرورت ہے۔ ہم آپ کے لیے مفت انٹرپریٹر کا انتظام کریں گے۔
- کسی سروس سنٹر میں آئیں۔

نوٹ: آسٹریلیا میں کسی بھی جگہ سے گھر کے فون سے ‘13’ سے شروع ہونے والوں نمبروں کو کال کرنے کی ایک مقررہ قیمت ہے۔ یہ شرح لوکل کال کی قیمت سے مختلف ہو سکتی ہے اور مختلف فون سروس پرووائیڈرز کے درمیان شرح میں بھی فرق ہو سکتا ہے۔ آپ کے گھر کے فون سے ‘1800’ سے شروع ہونے والے نمبروں کو کی جانے والی کالیں مفت ہیں۔ پبلک فون اور موبائل فون سے کی جانے والی کالوں کا وقت نوٹ کیا جا سکتا ہے اور ان کی قیمت زیادہ ہو سکتی ہے۔

اعلان دستبرداری

اس اشاعت میں شامل معلومات ادائیگیوں اور خدمات کے بارے میں صرف رہنمائی کے طور پر دی گئی ہیں۔ یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ فیصلہ کریں کہ آیا آپ کسی ادائیگی کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں اور اپنے مخصوص حالات کے حوالے سے درخواست دیں۔

Waiting periods for newly arrived residents

If you recently arrived in Australia, you will generally have to wait some time before you can get most of our income support payments and most family payments.

Waiting period

A waiting period will apply to you even if you have a family member living here. This waiting period will consider any time you have spent in Australia as a resident with a permanent visa.

During this waiting period, you can register with Workforce Australia or the Community Development Program to help find work. You can also use the employment self-help facilities available in our service centres.

Exemptions to the waiting period

The Newly Arrived Resident's Waiting Period may not always apply. For example, if you arrive as a refugee under Australia's Humanitarian Programme.

For more information

- Go to **servicesaustralia.gov.au/newresidentswaiting** for more information in English
- Go to **servicesaustralia.gov.au/yourlanguage** where you can read, listen to or watch videos with information in your language
- For Centrelink payments and services call **131 202** to speak with someone in your own language.
- For Medicare call **132 011** and let us know if you need an interpreter. We will arrange one for free.
- For Child Support call **131 272** and let us know if you need an interpreter. We will arrange one for free.
- Visit a service centre.

Note: calls from your home phone to '13' numbers from anywhere in Australia are charged at a fixed rate. That rate may vary from the price of a local call and may also vary between telephone service providers. Calls to '1800' numbers from your home phone are free. Calls from public and mobile phones may be timed and charged at a higher rate.

Disclaimer

The information contained in this publication is intended only as a guide to payments and services. It's your responsibility to decide if you wish to apply for a payment and to make an application with regard to your particular circumstances.